رول نمبر: _____	**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ** **کنزالمدارس بورڈ پاکستان**	KANZUL MADARIS BOARD
	درجہ: **عامہ سال دوم** پرچہ: **چوتھا** مضمون: **الصرف**	
دستخط طالب علم: _____	تاریخ: **15-02-2024** دن: **جمعرات** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**	
	مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش: _____	

حصہ اول: معروضی
کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: کلمہ کی اقسام (اسم، فعل اور حرف) کو۔۔۔ کہا جاتا ہے۔

(الف) سہ اقسام (ب) شش اقسام (ج) ہفت اقسام (د) دہ اقسام

سوال نمبر 2: "کتاب" میں حرف۔۔۔ زائد ہے۔

(الف) ک (ب) ت (ج) ا (د) ب

سوال نمبر 3: "سراج" مندرجہ ذیل میں سے۔۔۔ ہے۔

(الف) ثلاثی مجرد (ب) ثلاثی مزید فیہ (ج) رباعی مجرد (د) رباعی مزید فیہ

سوال نمبر 4: "یَضرِبُ" مندرجہ ذیل میں سے۔۔۔ ہے۔

(الف) ثلاثی مجرد (ب) ثلاثی مزید فیہ (ج) رباعی مجرد (د) رباعی مزید فیہ

سوال نمبر 5: زمانہ کے اعتبار سے فعل کی۔۔۔ قسمیں ہیں۔

(الف) 3 (ب) 5 (ج) 8 (د) 12

سوال نمبر 6: شاذ ابواب کی تعداد۔۔۔ ہے۔

(الف) 3 (ب) 5 (ج) 8 (د) 12

سوال نمبر 7: "فَتَحَ یَفْتَحُ" اور "کَرُمَ یَکرُمُ" کے علاوہ باب۔۔۔ فروع الابواب سے تعلق رکھتا ہے۔

(الف) کَادَ یَکَادُ (ب) حَسِبَ یَحْسِبُ (ج) فَضِلَ یَفْضُلُ (د) سَمِعَ یَسْمَعُ

سوال نمبر 8: ماضی مطلق سے پہلے "قد" لگانے سے ماضی۔۔۔ بنتا ہے۔

(الف) قریب (ب) بعید (ج) استمراری (د) احتمالی

سوال نمبر 9: فعل ماضی سے پہلے "کَانَ" لگانے سے ماضی۔۔۔ بنتا ہے۔

(الف) قریب (ب) بعید (ج) استمراری (د) احتمالی

سوال نمبر 10: ثلاثی مجرد سے فعل ماضی معروف کے۔۔۔ اوزان آتے ہیں۔

(الف) 3 (ب) 5 (ج) 7 (د) 12

سوال نمبر 11: "مَافُعِلَ" مندرجہ ذیل میں سے۔۔۔ ہے۔

(الف) ماضی قریب (ب) ماضی احتمالی (ج) منفی مجہول (د) نفی جحد استمراری

سوال نمبر 12: "کُنَّا فُعِلْنَا" مندرجہ ذیل میں سے۔۔۔ ہے۔

(الف) ماضی قریب (ب) مثبت مجہول (ج) ماضی مطلق (د) نفی جحد استمراری

سوال نمبر 13: فعل ماضی تمنائی کے صیغہ جمع متکلم کی نشاندہی کریں۔

(الف) لَیْتَنَا فعلنا (ب) لَعَلَّنَا فعلنا (ج) لَعَلَّنَا مافعل (د) لیتنا مافعلن

سوال نمبر14: "مَا كُنْتُ اَفْعَلُ" مندرجہ ذیل میں سے ۔۔۔ ہے۔

(الف) واحد متکلم (ب) جمع متکلم (ج) ماضی بعید (د) ماضی قریب

سوال نمبر15: مکررات کو ساقط کرنے کے بعد فعل مضارع کی گردان میں صیغوں کی تعداد ۔۔۔ بچتی ہے۔

(الف) 6 (ب) 8 (ج) 11 (د) 14

سوال نمبر16: "نفی جحد بلم" کا دوسرا نام ۔۔۔ ہے۔

(الف) ماضی لفظی (ب) ماضی معنوی (ج) مضارع لفظی (د) مضارع معنوی

سوال نمبر17: نون ثقیلہ ۔۔۔ صیغوں میں مکسور ہوتا ہے۔

(الف) 6 (ب) 8 (ج) 11 (د) 14

سوال نمبر18: "لَاتَفْعَلَنَّ" مندرجہ ذیل میں سے ۔۔۔ ہے۔

(الف) واحد مؤنث غائب (ب) جمع مذکر غائب (ج) جمع متکلم (د) واحد متکلم

سوال نمبر19: ۔۔۔ کے صیغے صرف فعل لازم سے آتے ہیں۔

(الف) اسم فاعل (ب) اسم مفعول (ج) صفت مشبہ (د) اسم آلہ

سوال نمبر20: اسم آلہ کی ۔۔۔ اقسام ہیں۔

(الف) 3 (ب) 5 (ج) 7 (د) 12

سوال نمبر21: "مَفَرّ" مندرجہ ذیل میں سے ۔۔۔ ہے۔

(الف) اسم ظرف (ب) مصدر (ج) اسم آلہ (د) اسم مبالغہ

سوال نمبر22: فعل تعجب کی بھی وہی شرائط ہیں جو اسم ۔۔۔ کی ہیں۔

(الف) ظرف (ب) تفضیل (ج) آلہ (د) مبالغہ

سوال نمبر23: کبھی کبھار مصدر میمی کے آخر میں ۔۔۔ مضمومہ کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔

(الف) یاء (ب) تاء (ج) باء (د) واؤ

سوال نمبر24: جسے ہم وزن کیا جائے اسے ۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) مُلْحَقْ (ب) مُلْحِقْ (ج) مُلْحَقْ بِہ (د) مُلْحِقْ بِہ

سوال نمبر25: باب افتعال میں ۔۔۔ کے بعد تاء زائدہ ہوتی ہے۔

(الف) فاء کلمہ (ب) عین کلمہ (ج) لام کلمہ (د) ہمزہ وصلیہ